واہ کیا بات ہے غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی

28-October-2022

www.dawateislami.net

جمعہ کے اجتماع میں ہونے والا بیان

(For Islamic Brothers)

جمعہ کا بیان(28 اکتوبر، 2022ء)

مَدَنی مَراکِز(فیضانِ مدینہ)اور شعبہ ائمہ مَساجِد کے تحت(مساجد کے لئے)

واہ کیا بات ہے غوثِ اعظم کی

اس بیان میں آپ جان سکیں گے...!

- ...علم وحکمت کا سمندر
- ...غوثِ اعظم کا مختصر تعارُف
- ...بچپن کی کرامات
- ...شانِ غوثِ اعظم
- ...اُمُّ المؤمنین حضرتِ زینب بنتِ خزیمہ رَضِیَ اللہُ عَنْہا کا ذکرِ خیر

پیشکش

اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَۃ(اسلامک ریسرچ سنٹر)

(شعبہ بیاناتِ دعوتِ اسلامی)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن ط

اَمَّا بَعۡدُ! فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ط بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ وَعَلٰی آلِكَ وَاَصۡحٰبِكَ یَاحَبِیۡبَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَانَبِیَّ اللّٰہ وَعَلٰی آلِكَ وَاَصۡحٰبِكَ یَانُوۡرَ اللّٰہ

نَوَیۡتُ سُنَّتَ الۡاِعۡتِکَاف (ترجمہ: میں نے سُنَّت اعتکاف کی نِیَّت کی)

دُرودِ پاک کی فضیلت

حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے اِرشاد فرمایا: قیامت کے روز اللہ پاک کے عرش کے سوا کوئی سایہ نہیں ہوگا، 3 شخص اللہ پاک کے عرش کے سائے میں ہوں گے۔ عرض کی گئی: یَارَسُوۡلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ! وہ کون لوگ ہوں گے؟ اِرشاد فرمایا: (1): وہ شخص جو میرے اُمّتی کی پریشانی دُور کرے (2): میری سُنّت کو زِندہ کرنے والا (3): مجھ پر کثرت سے دُرود شریف پڑھنے والا۔ (1)

شافِعِ روزِ جَزا تم پہ کروروں دُرُود | دافِعِ جُملہ بَلا تم پہ کروروں دُرُود (2)

صَلُّوۡا عَلَی الۡحَبِیۡب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

پیارے اسلامی بھائیو! آج کے بیان کا موضوع ہے **واہ کیا بات ہے غوثِ اعظم کی**

✽ اِس بیان میں ہم سب سے پہلے غوثِ پاک کی علمی شان و شوکت کے بارے میں سنیں گے ✽ پھر غوثِ پاک کا مختصر تعارُف ✽ غوثِ پاک کی بچپن کی کرامت ✽ کرامت کی تعریف اور ✽ اُمُّ الۡمُؤۡمِنِیۡن حضرت زینب بنتِ خُزَیۡمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہَا کا ذِکرِ خیر سُنیں گے۔

---

①... اَلبُدورُ السّافرۃ لِلسُّیوطی، صفحہ: 131، حدیث: 366۔

②... حدائقِ بخشش، صفحہ: 264۔

پیارے اسلامی بھائیو! ماہِ رَبِیْعُ الْآخِر جاری و ساری ہے۔ اس کی **11 تاریخ** کو، پیرانِ پیر، روشن ضمیر، حضرت شیخ عبدُالقادِر جیلانی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کا **عرس مبارک** منایا جاتا ہے، جس کو عاشقانِ غوثِ اعظم **بڑی گیارہویں شریف** بھی کہتے ہیں، آیئے! اسی مُناسَبت سے اُس مُقَدَّس ہَستی کا ذِکرِ خَیر سنتے ہیں۔

علم و حکمت کا سمندر

حضرت حافظ ابُو العباس احمد رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علّامہ عبدالرحمٰن ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے ساتھ ایک مرتبہ حُضُور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے بیان کے اِجتماع میں حاضِر ہوا، ایک قاری صاحب نے قرآنِ کریم کی تلاوت کی، تلاوت کے بعد حُضُور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے وعظ کا آغاز کیا اور تلاوت کی گئی آیاتِ مُبارکہ میں سے ایک آیت کی تفسیر بیان کی اور اس کا ایک معنیٰ بیان فرمایا، حضرت ابُو العباس رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے عَلامہ ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ سے پوچھا: کیا آپ کو اس تفسیر کا علم تھا؟ اُنہوں نے جواب دیا: ہاں! مجھے یہ تفسیری قول معلوم تھا۔ پھر حُضُور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے اُسی آیتِ مبارکہ کی دوسری تفسیر بیان کی، حضرت ابُو العباس رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے پھر علامہ ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ سے پوچھا: کیا یہ تفسیر آپ کو معلوم ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں! مجھے معلوم ہے، پھر تیسری تفسیر بیان کی، میں نے پھر پوچھا: کیا یہ تفسیر بھی آپ کو پتہ ہے؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں مجھے پتہ تھی۔ پھر غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے اُسی آیتِ مبارکہ کی چوتھی، پھر پانچویں، پھر چھٹی یہاں تک کہ 10 تفسیریں بیان فرمائیں، میں ہر تفسیر کے بعد عَلامہ ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ سے پوچھتا: کیا آپ کو یہ تفسیر معلوم ہے؟ اور وہ ہر بار یہی جواب دیتے کہ ہاں! یہ تفسیر

مجھے معلوم ہے۔ حتی کہ حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے اُسی آیت کی گیارہویں تفسیر بیان فرمائی۔ اس بار بھی میرے پوچھنے پر علامہ ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کا جواب وہی تھا کہ ہاں! مجھے یہ تفسیر معلوم ہے۔ گیارہویں کے بعد حُضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے اُسی آیتِ مُبارَکہ کی بارہویں تفسیر بیان فرمائی۔ میں نے علامہ ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ سے پوچھا: کیا آپ کو یہ تفسیر بھی معلوم ہے؟ تو وہ نفی (انکار) میں سر ہلاتے ہوئے کہنے لگے: نہیں! یہ تفسیر میرے علم میں نہیں ہے۔ پھر غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے اُسی آیت کی 13 ویں تفسیر بیان فرمائی، پھر 14 ویں بیان فرمائی، پھر 15 ویں، 16 ویں، پھر اس کے بعد 20 تفسیریں، پھر 25، یہاں تک کہ تفسیروں کی تعداد 30 تک پہنچ گئی۔ اور گیارہویں تفسیر کے بعد اب ہر تفسیر پر علامہ ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کا جواب یہی ہوتا کہ **میں اس تفسیر سے واقف نہیں ہوں۔ یہ تفسیر میرے علم میں نہیں ہے۔** 30 تفسیریں بیان فرمانے کے بعد حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے اس آیت کی مزید تفسیریں بیان فرمانا شروع کیں، یہاں تک کہ اُسی ایک مجلس میں غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے اُس ایک آیتِ کریمہ کی 40 تفسیریں بیان فرمائیں۔ اور ہر تفسیر کے ساتھ اس کے مُفَسِّر کا نام بھی بیان فرماتے رہے۔ جبکہ علامہ ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ گیارہویں تفسیر کے بعد ہر تفسیر پر یہی جواب دیتے رہے کہ یہ تفسیر میرے علم میں نہیں ہے۔ (1)

مظہرِ عظمتِ غفّار ہیں غوثِ اعظم   مُظہرِ رِفعتِ جبّار ہیں غوثِ اعظم
نائبِ احمدِ مُختار ہیں غوثِ اعظم   اور سب ولیوں کے سردار ہیں غوثِ اعظم
میرے مُرشد مری سرکار ہیں غوثِ اعظم   میرے رہبر مرے غمخوار ہیں غوثِ اعظم

---

① … بہجۃ الاسرار، ذکر علمہ، صفحہ: 224 بتغیر قلیل۔

حشر کے روز ہماری بھی شفاعت کرنا   آہ! ہم سخت گنہگار ہیں غوثِ اعظم

وضاحت: غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ اللہ پاک کی معاف کرنے والی صفت کی عظمت اور غضب فرمانے والی صفت کی بلندی کے مظہر ہیں۔ غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ جنابِ احمدِ مختار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے نائب اور سب ولیوں کے سردار ہیں۔ میری رہنمائی کرنے والے، میرے سرکار، میرے پیشوا اور مصیبت کے وقت میری مدد کرنے والے بھی غوثِ پاک ہیں۔ افسوس! ہم بہت گنہگار ہیں مگر اے غوثِ اعظم! آپ سے التجا ہے کہ بروزِ محشر ہماری بھی شفاعت کیجئے گا۔

آیئے مل کر حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے نعرے لگاتے ہیں، اس سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! دل میں غوثِ پاک کی محبت بھی بڑھے گی، آیئے مل کر نعرے لگاتے ہیں:

اللہ کی رحمت غوثِ پاک   ہیں باعثِ برکت غوثِ پاک
ہیں صاحبِ عزت غوثِ پاک   ہیں بحرِ سخاوت غوثِ پاک
دریائے کرامت غوثِ پاک   ٹل جائے مصیبت غوثِ پاک
مرحبا یا غوثِ پاک   مرحبا یا غوثِ پاک   مرحبا یا غوثِ پاک   مرحبا یا غوثِ پاک

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!   صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

پیارے اسلامی بھائیو! عموماً جب کسی کو بیان کرنا ہوتا ہے تو وہ پہلے سے اس کی تیاری کرتا ہے، کئی کئی کتب کا مطالعہ کرتا ہے، بیان کی ایک ترتیب اور خاکہ اپنے ذہن میں بٹھاتا ہے بلکہ کبھی تو مکمل بیان یا کچھ ضروری نکات بھی لکھ کر ساتھ لاتا ہے تاکہ بیان کرنے میں آسانی رہے، جیسے مثال کے طور پر میں آپ کے سامنے بیان کر رہا ہوں تو مکمل

بیان ایک ترتیب کے ساتھ میرے سامنے موجود ہے مگر قربان جایئے! حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہ عَلَیْہ کی علمی شان و شوکت اور آپ کی بے مثال ذہانت پر کہ آپ نے انہی آیات پر بیان فرمایا جو قاری صاحب نے تلاوت کی تھیں اور ان آیات کی 1 نہیں، 2 نہیں، 3 نہیں بلکہ 40 تفسیریں اور ہر ہر قول کے قائل کا نام بھی بیان فرمایا اور ایسی علم و حکمت سے بھر پور تفسیریں بیان فرمائی کہ جنہیں سن کر علامہ عبد الرحمٰن ابنِ جوزی رَحْمَۃُ اللہ عَلَیْہ جیسے وقت کے بہت بڑے عالِم و امام بھی حیران رہ گئے۔

اے عاشقانِ غوثِ اعظم! بیان کردہ واقعہ سے حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہ عَلَیْہ کی قرآنِ کریم سے والہانہ محبت ظاہر ہو رہی ہے کہ آپ رَحْمَۃُ اللہ عَلَیْہ علم کا سمندر ہونے کے باوجود قرآنِ کریم کی کئی کئی تفاسیر کو پڑھتے اور بیان کرتے۔ کثرت سے عبادت و رِیاضت اور قرآنِ کریم کی تلاوت کرتے، آپ رَحْمَۃُ اللہ عَلَیْہ 15 سال تک رات بھر میں ایک قرآنِ پاک ختم کرتے رہے۔(1)

پیارے اسلامی بھائیو! فی زمانہ ہم غوث پاک کی محبت کا دم بھرنے والے اپنی حالت پر غور کریں کہ کیا ہمیں زبانی نہیں بلکہ دیکھ کر دُرست **قرآنِ کریم** پڑھنا آتا ہے؟ گھر میں گاڑی ہو اور گاڑی چلانا نہ آئے تو اس کے لئے باقاعدہ **ڈرائیونگ کا کورس** کیا جاتا ہے۔ بھاری فیسیں ادا کی جاتی ہیں اور جلد سے جلد ڈرائیونگ سیکھنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اسی طرح شروع میں موبائل چلانا نہیں آتا تھا، لیکن لوگوں سے پوچھ پوچھ کر یہ بھی سیکھ لیا اور کسی سے پوچھنے میں کوئی شرم بھی نہیں آئی۔ کاروبار **(Business)** کرنا چاہا اس کے لئے پہلے ہی بہت سے تجربہ کار لوگوں سے مشورے لئے جاتے ہیں کہ کہیں کاروبار میں نقصان نہ

---

①… بھجۃ الاسرار، ذکر فصول من کلامہ، صفحہ: 118 خلاصۃً۔

ہو جائے، اس کے لئے پہلے سے معلومات حاصل کیں، فائدے مند اور نقصان دہ پہلو کو مَدِّ نظر رکھا۔ اسی طرح انگلش بولنے کی مثال لے لیجئے، ہمارے ہاں کوئی بھی انگریزی سیکھ کر پیدا نہیں ہوتا، مادری زبان کچھ اور ہوتی ہے لیکن جب انگلش سیکھ لی تو فر فر بولنا بھی آگئی، بلکہ اب تو اولاد کو اتنی انگلش سکھاتے ہیں کہ گویا اس نے انگریزوں کو انگلش پڑھانی ہے، مگر قرآنِ کریم اِتنا بھی نہیں پڑھاتے کہ جس سے یہ بیچارے خود اپنی نماز دُرست کر سکیں۔

اے عاشقانِ غوثِ اعظم! ہمیں چاہئے کہ نہ صرف خود تلاوتِ قرآن کی عادت (**Habit**) بنائیں، بلکہ اپنے گھر والوں، دوست احباب اور دیگر مسلمانوں کو بھی تلاوتِ قرآن کرنے کی دعوت دیں، اور صرف پڑھیں نہیں بلکہ قرآنِ پاک کو سمجھیں بھی، اس میں کیا ہے اور ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ یہ بھی ہمیں معلوم ہونا چاہیے اور اس کے لئے قرآنِ پاک کو تفسیر کے ساتھ پڑھنا ہی فائدے مند ہے۔

پیارے اسلامی بھائیو! اَوْلِیائے کِرام میں مَحبوبِ سُبحانی، غَوثِ صَمَدانی، عبدُ القادر جِیلانی رَحمۃُ اللہ عَلَیْہ، اللہ پاک کے وہ اعلیٰ ترین ولی ہیں، جو تمام اَوْلِیاء کے سردار ہیں اور اُن کی شَخْصِیت عوام و خواص سبھی کے لئے لائقِ عقیدت و احترام ہے، آپ رَحمۃُ اللہ عَلَیْہ کا تعلق اعلیٰ اور عظیمُ الشَّان خاندان سے ہے، امیر اہل سنت کیا ہی خوب فرماتے ہیں:

تھر تھراتے ہیں شہا جنّات تیرے نام سے
ہے تِرا وہ دبدبہ یا غوثِ اعظم دَست گیر
اولیا کی گردنیں ہیں آپ کے زیرِ قدم
یا امامَ الاولیا یا غوثِ اعظم دست گیر (1)

آیئے! آپ رَحمۃُ اللہ عَلَیْہ کا مختصر تعارُف سنتے ہیں: چنانچہ

---

①... وسائلِ بخشش، صفحہ: 547۔

مختصر تعارف

✿ حضور غَوثِ اَعْظَم، شیخ سید عبدُالقادر جِیلانی رَحۡمَۃُ اللہ عَلَیۡہ کی ولادتِ باسَعادَت، یکم رَمضان 470 ہجری کو بغداد شریف کے قریب قصبہ جِیلان میں ہوئی۔(1) ✿ غوث الورٰی سید عبدُالقادر جِیلانی رَحۡمَۃُ اللہ عَلَیۡہ کا نامِ نامی، اسمِ گرامی عبدُالقادر اور کُنیت ابُومحمد ہے ✿ مُحیِّ الدِّین، مَحبُوبِ سُبحانی، غَوثِ اعظم اور غَوثُ الثَّقَلَین وغیرہ اَلقابات ہیں ✿ شہنشاہِ بغداد، سید عبدُالقادر جِیلانی رَحۡمَۃُ اللہِ عَلَیۡہ اہلِ بیت یعنی سادات گھرانے میں پیدا ہوئے ✿ پیر پیراں سید عبدُالقادر جِیلانی رَحۡمَۃُ اللہِ عَلَیۡہ کا خاندان زُہد وتَقوٰی کی وجہ سے بہت مشہور **(Famous)** تھا ✿ شاہِ جیلاں سید عبدُالقادر جِیلانی کی والدہ کا نام **سَیِّدہ فاطمہ** اور کُنیت **اُمُّ الخَیر** ہے۔(2)

✿ محبوبِ سبحانی سید عبدُالقادر جِیلانی کے والدِ گرامی کا نام مبارک **سیِّد موسٰی** کُنیت **ابُو صالح** جبکہ لقب **جنگی دوست** ہے ✿ حُضُور غوثِ پاک سید عبدُالقادر جِیلانی رَحۡمَۃُ اللہِ عَلَیۡہ والد کی نِسبَت سے حَسَنی (اور والدہ ماجِدہ کی طرف سے حُسینی سَیِّد) ہیں ✿ سرکارِ بغداد سید عبدُالقادِر جِیلانی کے والدِ گرامی حضرت سَیِّدُنا ابُوصالح مُوسٰی جنگی دوست رَحۡمَۃُ اللہِ عَلَیۡہ اپنے وَقْت کے مشہورِ زمانہ اولیائے کِرام میں سے تھے۔(3)

اَمیرِ اَہلسنّت دَامَتۡ بَرَکَاتُہُمُ الۡعَالِیَہ خاندانِ غوثِ پاک کی شان و عظمت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

مُکَرَّم شہا تیرے سارے کے سارے
ہیں آباء و اَجداد یا غوثِ اعظم

وضاحت: اے غوثِ اعظم رَحۡمَۃُ اللہ عَلَیۡہ آپ کا خاندان اور آباء و اجداد کی تو کیا ہی بات ہے وہ تو

---

① ...بهجة الاسرار، صفحہ: 181۔
② ...سیرتِ غوث اعظم، صفحہ: 27 خلاصۃً۔
③ ...غوثِ پاک کے حالات، صفحہ: 15۔

سارے کے سارے عزت و عظمت والے ہیں۔

پیارے اسلامی بھائیو! عموماً بچّہ جب ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے تو وہ دُنیا اور دُنیا میں جو کچھ بھی ہے، اس سے بالکل بے خبر ہوتا ہے، پھر جب دُنیا میں آجاتا ہے تب بھی اُسے ہوش سنبھالنے میں ایک لمبا عرصہ درکار ہوتا ہے، مگر قربان جایئے! سردارِ اَوْلِیا، حضور غوثِ پاک رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه کی ذاتِ بابرکات نہ صرف بچپن میں بلکہ جب آپ کی ابھی **وِلادت** نہیں ہوئی تھی، تب بھی آپ کا حال سب سے جدا تھا۔ آپ بچپن ہی سے صاحبِ کرامت تھے، بلکہ اس دُنیا میں جلوہ گری سے قبل اور بعدِ ولادت آپ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه سے کئی کرامات ظاہر ہوئیں، چنانچہ

بچپن کی کرامات

آپ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه رَمَضَانُ الْمُبارَک کی پہلی تاریخ کو پیر کے دن صبحِ صادِق کے وَقْت دُنیا میں جَلْوہ گر ہوئے، اُس وَقْت ہونٹ آہِستہ آہِستہ حَرَکت کر رہے تھے اور اللہ اللہ کی آواز آرہی تھی۔(1)

رونقِ کل اولیا یاغوثِ اعظم دَستگیر
پیشوائے اَصفیا یاغوثِ اعظم دَستگیر
آپ ہیں پیروں کے پیر اور آپ ہیں روشن ضمیر
آپ شاہِ اَتقیا یاغوثِ اعظم دَستگیر

اے عاشقانِ غوثِ اعظم! یقیناً یہ ربِّ کریم کا فضل و اِحسان تھا کہ اُس نے آپ کو بچپن میں ہی کثیر کرامات سے نوازا تھا، آپ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه کی شان و عظمت اور کرامات کے بارے میں حضرت شیخ عبدُالحق مُحدِّث دہلوی رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه فرماتے ہیں:

---

①...منے کی لاش، صفحہ:3۔

موتیوں کی لڑی

مشائخِ اَوْلِیا میں سے کوئی بھی کرامات کے لحاظ سے آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کا ہم پَلّہ نہیں، یہاں تک کہ بعض مشائخ نے فرمایا کہ حضور غوث پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی کرامات کا حال تو موتیوں کی لڑی جیسا ہے کہ جب ٹُوٹتی ہے تو ایک کے بعد ایک موتی گِرتے چلے جاتے ہیں، غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی کرامات اَعدادو شُمار سے باہَر ہیں۔(1) حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی ذاتِ بابرکت تو کرامات و کمالات کا مجموعہ ہے ہی، صرف آپ کے مُبارک نام کی یہ برکت ہے کہ جہاں پُکارا جائے، مُوْذِی جانوروں سے چُھٹکارا مل جاتا ہے۔

اے عاشقانِ غوثِ اعظم! ذرا سوچئے کہ جب حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے نام کی یہ برکت و عظمت اور کرامت ہے کہ درندے آپ کا نام سُن کر حملہ نہیں کرتے، مُوذی جانور تکلیف نہیں پہنچاتے تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی ذات کیسی باکرامت اور بلند مرتبہ ہوگی۔ کرامت کسے کہتے ہیں، آیئے! کرامت کی تعریف سنتے ہیں: چنانچہ

کرامت کی تعریف اور اس کا حکم

دعوتِ اسلامی کے مکتبۃُ المدینہ کی کتاب **کراماتِ صحابہ** صفحہ:36 پر ہے کہ مومنِ مُتّقی سے اگر کوئی ایسی نادِرُ الوجود اور تَعَجُّب خیز چیز صادِر و ظاہِر ہو جائے جو عام طور پر عادتاً نہیں ہوا کرتی تو اس کو **کرامت** کہتے ہیں۔ اسی قسم کی چیزیں اگر انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے اعلانِ نبوّت کرنے سے پہلے ظاہِر ہوں تو **اِرْہاص** اور اعلانِ نبوّت کے بعد ہوں تو **معجزہ** کہلاتی ہیں اور اگر عام مومنین سے اس قسم کی چیزوں کا ظُہور ہو تو اُس کو **معونت** کہتے ہیں

---

① ... اشعۃ اللمعات، کتاب الفتن، باب الکرامات، جلد:4، صفحہ:610 مفہوماً۔

اور کسی غیر مسلم سے کبھی اُس کی خواہش کے مُطابق اِس قِسم کی چیز ظاہر ہو جائے تو اُس کو **اِسْتِدراج** کہا جاتا ہے۔

صدرُ الشَّریعہ، حضرت علّامہ مولانا مُفتی محمد امجد علی اعظمی رَحْمَۃُ اللهِ عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ کرامتِ اَوْلیا حق ہے، اِس کا مُنکِر (انکار کرنے والا) گمراہ ہے۔(1) کرامت کی بہت سی قسمیں ہیں، مثلاً مُردوں کو زندہ کرنا ✿ اندھوں اور کوڑھیوں کو شِفا دینا ✿ لمبی مَسافتوں کو لمحوں میں طے کر لینا ✿ پانی پر چلنا ✿ ہواؤں میں اُڑنا ✿ دل کی بات جان لینا ✿ اور دُور کی چیزوں کو دیکھ لینا وغیرہ۔

پیارے اسلامی بھائیو! آپ نے سُنا کہ کرامت کی کئی قسمیں ہوتی ہیں، مگر حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللهِ عَلَیْہ پر یہ ربِّ کریم کا خاص فضل و کرم اور اِحسان تھا کہ اللہ پاک نے آپ کو دیگر اولیا کِرام سے بڑھ کر کرامات عطا فرمائی تھیں، آپ رَحْمَۃُ اللهِ عَلَیْہ اللہ پاک کی عطا سے ✿ کبھی مُردوں کو زندہ کر دیتے ✿ تو کبھی اندھوں (**Blinds**) کو بینا کر دیتے ✿ کبھی کوڑھ کے مرض والوں کو شفاء دیتے ✿ تو کبھی بیماروں اور پریشان حالوں کی مدد فرماتے ✿ کبھی دُور سے مدد کے لئے بُلانے والوں کی امداد فرماتے ✿ تو کبھی حاجت مندوں کی حاجت پوری فرما دیتے ✿ کبھی کسی کے دل میں آنے والے خیالات کو جان لیتے ✿ تو کبھی اپنی بارگاہ میں آنے والوں کی مشکلات کو دُور فرما دیتے ✿ کبھی چوروں اور ڈاکوؤں پر نگاہِ کرم ڈال کر نیک بنا دیتے ✿ تو کبھی فاسِق و فاجر لوگوں کو اپنی نگاہِ ولایت سے ربِّ کریم کا محبوب بندہ بنا دیتے۔ آیئے! آپ رَحْمَۃُ اللهِ عَلَیْہ کی چند کرامات سنتے ہیں: چنانچہ

---

① ...بہارِ شریعت، جلد:1، صفحہ:268، حصہ:1۔

غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی دعا کی برکت

حضرت شیخ صالح اسماعیل بن علی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ علی بن ہیتمی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ جب بیمار ہوتے تو کبھی کبھی میری زمین کی طرف تشریف لاتے اور وہاں کئی دن گزارتے۔ ایک دفعہ آپ وہیں بیمار ہوگئے تو ان کے پاس غوثِ صمدانی، قطبِ ربانی، شیخ عبدالقادِر جیلانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ بغداد سے تیمارداری کے لئے تشریف لائے، دونوں میری زمین پر جمع ہوئے، اس میں 2 کھجور کے درخت تھے جو 4 برس سے خشک تھے اور انہیں پھل نہیں لگتا تھا۔ ہم نے ان کو کاٹ دینے کا ارادہ کیا تو حضرت شیخ عبدالقادِر جیلانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کھڑے ہوئے اور ان میں سے ایک کے نیچے وضو کیا اور دوسرے کے نیچے دو نفل ادا کیے تو وہ سرسبز ہوگئے اور ان کے پتے نکل آئے اور اسی ہفتہ میں ان کا پھل آگیا حالانکہ وہ کھجوروں کے پھل کا وقت نہیں تھا۔ میں نے اپنی زمین سے کچھ کھجوریں لے کر آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی خدمت میں حاضِر کر دیں، آپ نے اس میں سے کھائیں اور مجھ سے کہا: اللّٰہ پاک تیری زمین، تیرے درہم، تیرے صاع اور تیرے دودھ میں برکت دے۔

حضرت شیخ اسماعیل بن علی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ میری زمین میں اس سال کی مقدار سے 2 سے 4 گنا پیدا ہونا شروع ہوا، اب میرا یہ حال ہے کہ جب میں ایک درہم خرچ کرتا ہوں تو اس سے میرے پاس 2 سے 3 گنا آجاتا ہے اور جب میں گندم کی 100 بوری کسی مکان میں رکھتا ہوں، پھر اس میں سے 50 بوری خرچ کر ڈالتا ہوں اور باقی کو دیکھتا ہوں تو 100 بوری موجود ہوتی ہے میرے مویشی اس قدر بچے جنتے ہیں کہ میں ان کا شمار بھول جاتا ہوں اور یہ حالت حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی برکت سے

اب تک باقی ہے۔ (1)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

پیارے اسلامی بھائیو! یہ ہیں حضور غوث پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے مبارک وجود کی برکتیں۔ یقیناً ہم یہ سوچتے ہوں گے کہ حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کو اس قدر شان و عظمت اور بلند مرتبہ کیسے نصیب ہوا ہے، تو یاد رکھئے! جو لوگ اپنی زندگی ربِّ کریم کی اطاعت و فرمانبرداری میں گزارتے ہیں، تو اللہ پاک انہیں اپنی حقیقی محبت عطا فرماتا ہے اور انہیں کئی کرامات سے نوازتا ہے یہی وجہ تھی کہ

شانِ غوثِ پاک

✿ **ہمارے غوثِ پاک** رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی زندگی کا ہر ہر لمحہ شریعتِ مطہرہ پر عمل کرتے ہوئے گزرتا تھا ✿ **ہمارے غوثِ پاک** رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرائض و واجبات کی پابندی فرمایا کرتے تھے ✿ **ہمارے غوثِ پاک** رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے پیدا ہوتے ہی روزہ رکھ لیا تھا ✿ **ہمارے غوثِ پاک** رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی جب 4 یا 5 برس کی عمر میں بِسْمِ اللّٰہ خوانی کی رسم ادا کی گئی تو آپ نے تَعَوُّذ (اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم) اور تَسْمِیَہ (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم) کے بعد 18 پارے زبانی سُنا دیئے اور فرمایا: میری ماں (رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہَا) کو بھی اِتنا ہی یاد تھا، وہ پڑھا کرتی تھیں تو میں نے سُن کر یاد کرلیا۔ (2) ✿ **ہمارے غوثِ پاک** رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے 40 سال (Forty years) تک عشا کے وضو سے فجر کی نماز ادا فرمائی ✿ **ہمارے غوثِ پاک** رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ جب بے وضو ہوتے تو اُسی وقت وضو فرما کر 2 رکعت نماز نفل پڑھ لیا

---

❶ ... بهجة الاسرار، ذکر فصول من کلامہ، صفحہ: 91۔

❷ ... منے کی لاش، صفحہ: 4۔

کرتے تھے(1) ❁ **ہمارے غوثِ پاک** رَحمۃُ اللہ عَلَیْہ روزانہ 1 ہزار رَکْعَت نفل ادا فرماتے تھے(2) ❁ **ہمارے غوثِ پاک** رَحمۃُ اللہ عَلَیْہ کے دستِ کرامت پر 500 سے زائد غیر مسلموں نے اسلام قبول کیا اور 1 لاکھ سے زیادہ ڈاکو، چور، فُسّاق و فُجّار، فسادی اور بڑے بڑے گناہ کرنے والوں نے توبہ کی۔(3)

پیارے اسلامی بھائیو! ہمارے غوثِ پاک رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ بے شمار اوصاف کے پیکر ہونے کے ساتھ ساتھ عِبادت ورِیاضت، وِلایَت وکَرامَت میں تو اپنی مثال آپ تھے ہی، مگر آپ رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ زُہد وتَقْوٰی اور قناعت پسندی میں بھی باکمال تھے، دُنیوِی مال ودَولَت کے خواہش مَند بِالکل نہ تھے، اگر کوئی مَالدَار شخص (**Richman**) آپ رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ کو مال و دَولَت پیش کرتا تو آپ قَبول نہ فرماتے، بلکہ سامنے والے کو نیکی کی دعوت دیتے اور اصلاح کی کوشش فرماتے، چنانچہ

زُہد و تقویٰ

شَیخ ابُوالعَبّاس خِضَر رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک رات ہم بَغداد میں شَیخ عبدُ القادِر جیلانی رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ کے مَدرَسے میں تھے، ایک خَلِیْفَہ آپ رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ کی خِدمَت میں آیا اور سَلام کے بعد عَرض کی کہ مجھے کُچھ نَصِیحت فرمائیے اور مال و دولت کی 10 تھیلیاں پیش کیں، جِن کو خادِم اُٹھائے ہُوئے تھے، آپ نے فرمایا: مجھے اِن تھیلیوں کی ضَرُورَت نہیں، مگر خَلِیفَہ نے واپس لینے سے اِنکار کیا اور قبول کرنے کے لئے اِصرَار کیا، پَس آپ نے

---

① ...بهجة الاسرار، ذکر طریقہ، صفحہ: 164۔

② ...غوث پاک کے حالات، صفحہ: 32۔

③ ...بهجة الاسرار، ذکر وعظ، صفحہ: 184۔

ایک تھیلی اپنے داہنے ہاتھ میں لی اور دُوسری بائیں میں اور دونوں کو دَبا کر نِچوڑا تو اُن میں سے خُون بہنے لگا، پھر آپ نے اُس خَلِیفَہ سے فرمایا: کیا تُو اللہ پاک سے حَیا نہیں کرتا کہ لوگوں کا خُون لے کر میرے پاس آیا ہے؟ یہ سُن کر وہ بے ہوش ہو گیا۔ (1)

اے عاشقانِ غوثِ اعظم!! بلند آواز سے نعروں کا جواب دیجئے۔

اللہ کی رحمت	غوث پاک	ہیں باعثِ برکت	غوثِ پاک
ہیں صاحبِ عزت	غوثِ پاک	ہیں بحرِ سخاوت	غوثِ پاک
دریائے کرامت	غوثِ پاک	ٹل جائے مصیبت	غوثِ پاک
مرحبا یا غوثِ پاک	مرحبا یا غوثِ پاک	مرحبا یا غوثِ پاک	مرحبا یا غوثِ پاک

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

پیارے اسلامی بھائیو! بیان کردہ واقعہ سے ایک بات یہ معلوم ہوئی کہ حُضُور غَوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ زہد و تقویٰ کے پیکر اور دُنیوِی مال و دَولت سے بے رغبت تھے، جبھی تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے اُس خَلِیفَہ کی دَولَت ٹھکرا دِی، دوسری بات یہ بھی معلوم ہوئی کہ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ جاہ و منصب رکھنے والوں کے رُعب و دبدبے سے متاثر نہیں ہوتے تھے اور نہ ہی اُونچے منصب والوں کی خُوشامد و چاپلوسی کرتے تھے بلکہ ان کو گناہوں میں ملوث دیکھ کر اُنہیں نیکی کی دعوت دیتے، وعظ و نصیحت فرماتے اور ہر طرح سے ان کی اِصلاح کی کوشش فرماتے۔ کیونکہ دولت مندوں کی خُوشامد تو وہ کرے، جسے دُنیا کی ذلیل دَولت پانے کا لالچ ہو، جبکہ ❁ اللہ والے تو قَناعت کی قیمتی دولت سے مالا مال ہوتے ہیں ❁ اللہ والوں کی نظر دولتمندوں کے فانی مال پر نہیں بلکہ ❁ اللہ والوں

---

① ... بہجۃ الاسرار، ذکر فصول من کلامہ، صفحہ: 120۔

کو رَحمتِ الٰہی پر بھروسا ہوتا ہے۔ یاد رکھئے! مالداروں کی دولت کے سبب ان کی تعظیم کرنا شرعاً ممنوع ہے، چُنانچہ

دو تہائی دِین چلا جاتا ہے

مَنْقُول ہے: جو کسی مالدار کی اِس کے مالدار ہونے کے سبب آؤ بھگت کرے، اُس کا دو تہائی ($^2/_3$) دِین جاتا رہا۔ (1)

اے عاشقانِ غوثِ اعظم! ہمیں چاہئے کہ دنیاوی مالداروں کی خوشامد و چاپلوسی کرنے اور جگہ جگہ ان کی جھوٹی تعریفوں کے پُل باندھنے کے بجائے ان کو نیکی کی دعوت اور فکرِ آخرت کا ذہن دیں ✿ نیکی کی دعوت کی برکت سے اللہ پاک نے چاہا تو ہمارے معاشرے (Socity) سے بُرائیاں ختم ہونا شروع ہو جائیں گی ✿ ہر طرف نیکیوں کی بہاریں ہوں گی ✿ ہمارا معاشرہ، ہماری گلی محلہ اور ہر گھر **اَمن کا گہوارہ** بننا شروع ہو جائے گا ✿ ہر طرف **سُنّتوں کی بہاریں** آ جائیں گی ✿ نفرتوں کی دِیواریں **مَحبّتوں کی فضاؤں** میں تبدیل ہونا شروع ہو جائیں گی ✿ کئی کئی سالوں سے **بچھڑے ہوئے دوست احباب اور خاندان** آپس میں مِل جائیں گے ✿ رُوٹھے ہوئے مان جائیں گے ✿ گناہ کرنے والے نیکیاں کرنے والے بن جائیں گے ✿ نمازیں قضا کرنے والے نمازوں کے پابند بن جائیں گے ✿ ہر گھر سے تلاوتِ قرآن کی آوازیں آنے لگیں گی ✿ گناہوں کو پھیلانے والے نیکی کی دعوت دینے والے بن جائیں گے۔

دُنیا بھر میں **نیکی کی دعوت** پہنچانے کا عظیم جذبہ رکھنے والے، اُمّت کے خیر خواہ،

---

① ... کشف الخفاء، جلد: 2، صفحہ: 215، رقم: 2442۔

امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، بارگاہِ مصطفٰی میں فریاد پیش کررہے ہیں:

مجھے تم ایسی دو ہمّت آقا
دُوں سب کو نیکی کی دعوت آقا
بنا دو مجھ کو بھی نیک خصلت
نبیِّ رَحمت شفیعِ اُمّت(1)

سخاوت و ایثار

پیارے اسلامی بھائیو! ہمارے غوثِ پاک رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه زہد وتقویٰ، قناعت پسندی، پرہیز گاری اور نیکی کی دعوت عام کرنے کے ساتھ ساتھ غَرِیبوں، تنگدَستوں اور حاجت مندوں کی مدد کرنے جیسے وَصف میں بھی اپنی مثال آپ تھے، غریبوں، تنگدستوں اور حاجت مندوں کی خدمت کرنے کا جَذبہ بھی آپ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه کے پاکیزہ کِردار کا حِصَّہ تھا، آپ کبھی کسی سائِل کا سُوَال رَدّ نہ فرماتے، کبھی کسی حاجت مند کو خالی واپس نہ لوٹاتے، بلکہ یوں فرمایا تھے کہ میں نے تمام اَعمال کی تَفتِیش کی، اُن میں کھانا کِھلانے سے اَفضل کوئی عَمَل نہ پایا۔ کاش! میرے ہاتھ میں ہوتا کہ بُھوکوں کو کھانا کِھلاتا۔(2)

شَیخ عبدُاللہ جبائی رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حُضور غوثِ پاک رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه نے مجھ سے اِرشاد فرمایا کہ میرے نزدیک بُھوکوں کو کھانا کھلانا اور لوگوں سے حُسنِ اخلاق کے ساتھ پیش آنا کامِل اور زیادہ فضیلت والے اعمال ہیں۔ پھر اِرشاد فرمایا: میرے ہاتھ میں پیسہ نہیں ٹھہرتا، اگر صُبح کو میرے پاس 1 ہزار دِینار آئیں تو شام تک ان میں سے ایک پیسہ بھی نہ بچے کہ غریبوں اور مُحتاجوں میں تقسیم کردوں اور بُھوکے لوگوں کو کھانا کھلادُوں۔(3)

---

① ...حدائقِ بخشش، صفحہ:208۔

② ...قلائدالجواہر، صفحہ:37۔

③ ...قلائدالجواہر، صفحہ:8 خلاصۃً۔

تِرے در سے ہے منگتوں کا گزارا یاشہِ بغداد
یہ سُن کر میں نے بھی دامن پسارا یاشہِ بغداد

مِری قسمت کا چمکا دو ستارہ یاشہِ بغداد
دِکھا دو اپنا چہرہ پیارا پیارا یاشہِ بغداد

غمِ شاہِ مدینہ مجھ کو تم ایسا عطا کر دو
جگر ٹکڑے ہو دل بھی پارہ پارہ یاشہِ بغداد

مجھے اچھا بنا دو مُرشدی بے شک یقیناً ہیں
مِرے حالات تم پر آشکارا یاشہِ بغداد(1)

آیئے! حضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی سخاوت اور غریبوں کی مدد سے مُتَعَلِّق ایک بہت ہی پیارا واقعہ سنتے ہیں، چنانچہ

یہ سب اس رات کی برکت ہے

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے صاحبزادے حضرت عَلّامہ سیّد عبدالرزّاق قادری رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کا بیان ہے کہ جب میرے والدِ بُزرگوار مشہور ہوگئے تو آپ نے صرف ایک دفعہ حج فرمایا، اس حج کی آمد و رفت میں، میں آپ کی سواری کی باگ پکڑتا تھا، جب ہم بغداد کے جنوب میں واقع ایک شہر میں پہنچے تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے فرمایا کہ یہاں سب سے غریب گھر کی تلاش کرو، اس لئے ہم نے ایک ویرانہ دیکھا جس میں اُون کا ایک خیمہ تھا، اس میں ایک بوڑھا، ایک بڑھیا اور ایک لڑکی تھی۔ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے اس بُوڑھے سے اجازت لی اور مع اَصْحاب اس وِیرانے میں اُترے، اُس شہر کے مشائخ اور امیر لوگ آپ کی خدمت میں آئے اور درخواست کی کہ آپ ہمارے غریب خانوں میں یا کسی اور اچھے مکان میں تشریف لے چلیں، مگر آپ نے منظور نہ فرمایا۔ والیِ شہر نے آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے لئے بہت سی گائیں بکریاں، کھانا، سونا، چاندی اور سامان بھیجا اور سفر کے لئے سواریاں بھیجیں اور لوگ ہر طرف سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ اس تمام سامان

---

❶...وسائلِ بخشش، صفحہ:542-543۔

میں سے میں نے اپنا حصّہ اس گھر والوں کو بخش دیا۔ یہ سُن کر اُنہوں نے کہا کہ ہم نے بھی اپنا اپنا حصّہ بخش دیا، اس طرح وہ تمام مال اس بوڑھے، بڑھیا اور لڑکی کو دیا گیا، رات کو آپ وہاں رہے اور صُبح کو روانہ ہوئے، (آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے صاحبزادے فرماتے ہیں) کئی سال کے بعد اُس شہر میں میرا گُزر ہوا، کیا دیکھتا ہوں کہ وہ بوڑھا وہاں کے باشندوں میں سب سے زیادہ مالدار ہے۔ اس نے مجھ سے کہا کہ یہ سب کچھ اس رات کی برکت ہے، ان گائے بکریوں نے بچے دیئے اور وہ بڑے ہوگئے، یہ اِنہی سے ہے۔(1)

مل گیا مجھ کو غوث کا دامن فضلِ ربِّ کریم سے روشن
مِری تقدیر کا ستارہ ہے واہ کیا بات غوثِ اعظم کی
غوث رَنج و اَلَم مِٹاتے ہیں اُس کو سِینے سے بھی لگاتے ہیں
آ گیا جو بھی غم کا مارا ہے واہ کیا بات غوثِ اعظم کی

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

اللہ پاک ہمیں غوثِ پاک کی سچی محبت عطا فرمائے اور انکے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمِین بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم۔

اُمُّ الْمُؤمنین حضرت زینب بنتِ خزیمہ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہا

اے عاشقانِ رسول! ماہِ رَبِیعُ الْآخِر وہ عظیم مہینہ ہے جس کی 4 تاریخ کو **اُمُّ المؤمنین حضرتِ زینب بنتِ خزیمہ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کا یومِ وصال ہے ✽ آپ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کا نام زینب ہے(2) ✽ آپ کے والد خُزیمہ بن حارث ہیں ✽ آپ نے حضرت عبدُاللہ بن جحش رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کی شہادت کے بعد حُضُورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی زوجیت کا شرف پایا اور اُمُّ المؤمنین

---

①… بھجۃ الاسرار، ذکر شی من شرائف، صفحہ: 198۔

②… تہذیب اللغہ، جلد: 13، صفحہ: 230۔

یعنی مومنوں کی ماں کے اعلیٰ مَقام پر فائز ہوئیں(1) ✿ آپ نہایت سخی تھیں ✿ آپ یتیموں، مسکینوں کے ساتھ مہربانی اور شفقت کے ساتھ پیش آنے اور انہیں کثرت سے کھانا کھلانے کے باعِث **اُمُّ الْمَسَاکِیْن** یعنی مسکینوں کی ماں کے لقب سے مشہور ہو گئیں تھیں ✿ آپ کا وصال پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے نکاح میں آنے کے فقط 8 ماہ بعد ہی ربیع الآخر 4 ہجری کو مدینے شریف میں ہوا ✿ آپ کی عمر مبارک اس وقت 30 برس تھی(2) ✿ آپ کی نمازِ جنازہ سَرورِ کائنات، فخرِ موجودات صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے پڑھائی اور اپنے پیارے ہاتھوں سے دفن بھی فرمایا ✿ آپ رَضِیَ اللہ عَنْہا کا مزارِ مبارک جَنَّۃُ الْبَقِیع شریف میں موجود ہے۔(3)

ٹیلی تھون (عطیاتِ مہم) کی ترغیب

پیارے اسلامی بھائیو! ہم نے حُضور غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کی سخاوت کا بیان سُنا۔ ہمیں بھی چاہئے کہ ہم دِل کھول کر راہِ خُدا میں خرچ کیا کریں۔ 13 نومبر 2022ء بروز اِتوار ٹیلی تھون (یعنی عطیاتِ مہم کا سلسلہ) ہونے جا رہا ہے، آپ بھی خِدمتِ دین کے اس کام میں اپنا حِصّہ شامِل کیجئے! خدمتِ دین کے تمام شعبہ جات کے جملہ اخراجات کے لئے دعوتِ اسلامی ٹرسٹ سے تعاون فرمائیں۔ خُوب دِل کھول کر صدقہ و خیرات کیجئے! ایک یُونٹ: 10 ہزار کا ہے۔ جو ایک یُونٹ دے سکتے ہیں، وہ ایک دیں، جو 12 دے سکتے ہیں، وہ 12

---

① ...طبقات ابن سعد، جلد: 8، صفحہ: 91۔

② ...شرح زرقانی علی المواہب، جلد: 4، صفحہ: 418۔

③ ...طبقات ابن سعد، جلد: 8، صفحہ: 92۔

دیں، جس کی جتنی ہمّت، جس کو جتنی توفیق۔ بہر حال! ٹیلی تھون میں حِصّہ ضرور شامِل کیجئے!

الحمدللہ! دعوتِ اسلامی دُنیا بھر میں نیکی کی دعوت عام کرنے والی دینی تحریک ہے۔

❁ دعوتِ اسلامی 80 سے زائد شعبہ جات میں دِینی خدمات انجام دے رہی ہے ❁ دعوتِ اسلامی اب تک ہزاروں مساجد، سینکڑوں فیضانِ مدینہ (مدنی مراکز) بنا چکی ہے ❁ دعوتِ اسلامی اب تک لاکھوں بچوں اور بچیوں کو حافِظ و حافِظہ بنا چکی ہے۔ ❁ ہزاروں مدنی عُلَما تیار ہو چکے ہیں، لاکھوں حافظ، قاری، امام، مبلغ، مُعَلِّم، عالِم و مفتی تیار کرنے کے ساتھ ساتھ اِصلاحِ امّت اور کردار سازی کا کام جاری ہے ❁ درجن سے زیادہ دارُ الافتاء اہلِ سنت قائم ہو چکے ہیں، جہاں مفتیانِ کرام اُمَّت کی شرعی راہنمائی کرنے میں مصروفِ عمل ہیں ❁ فیضان آن لائن اکیڈمی (بوائز، گرلز) قائم ہیں جس کے ذریعے آن لائن عالِم کورس، قرآنِ پاک (حفظ وناظرہ) پڑھایا جاتا ہے، 30 سے زائد آن لائن کورسز کے ذریعے 77 ممالک (Countries) میں لوگوں کو گھر بیٹھے علمِ دین کی روشنی پہنچائی جا رہی ہے ❁ ”مدنی چینل“ کے ذریعے 6 بڑی سیٹلائٹس پر اُردو، انگلش اور بنگلہ زبانوں میں دین کی خوب خدمت کی جا رہی ہے۔ ❁ شعبہ FGRF کے ذریعے فلاحی و سماجی خدمات کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

یقیناً یہ دِینی کام پیسے کے بغیر ممکن نہیں۔ اس لئے دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیجئے! ٹیلی تھون (یعنی عطیات مہم) میں خوب بڑھ چڑھ کر حِصّہ شامِل کیجئے! راہِ خُدا میں خرچ کرنا اَہلِ تقویٰ کے بنیادی اَوصاف میں سے ہے۔ اللہ پاک قرآنِ کریم میں فرماتا ہے:

وَ اَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۚۛ (پارہ:2، سورۂ بقرہ:195)

ترجمہ کنزالعرفان: اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو!

یعنی راہِ خُدا میں خرچ کرنا بند کر کے یا کم کر کے اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو!(1)

معلوم ہوا؛ راہِ خُدا میں خرچ کرنے میں ہمارا ہی فائدہ ہے۔ ہم اگر دِین کی مالِی خِدمت چھوڑ دیں گے تو مسجدیں کیسے بن سکیں گی؟ لاکھوں حُفّاظ کیسے تیار ہو پائیں گے؟ ہزاروں عُلماء، 80 سے زائد دِینی شعبے کیسے کام کر پائیں گے؟ اَلحمدُ لِلّٰہ! دعوتِ اسلامی دِین کی خدمت کر رہی ہے، دعوتِ اسلامی ہماری نسلوں کو بچا رہی ہے، دعوتِ اسلامی ہمارے ایمان کی حفاظت کر رہی ہے، گھر گھر میں نیکی کی دعوت پہنچا کر گھروں کو اَمن کا گہوارہ بنا رہی ہے۔ ہم دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیں گے تو اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْكَرِیْم! اس کا فائدہ ہمیں، ہماری نسلوں کو ہی ہو گا۔ لہٰذا ہمّت کیجئے! دِل کھول کر راہِ خُدا میں خرچ کیجئے! دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیجئے! اللہ پاک نے چاہا تو دِین و دُنیا کی برکتیں نصیب ہوں گی۔ اللہ پاک ہمیں خِدمتِ دین کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم۔

دعوتِ اسلامی کی قَیُّوم، سارے جہاں میں مچ جائے دُھوم
اس پہ فِدا ہو بچہ بچہ یااللہ! مری جھولی بھر دے

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْب! صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّد

بیعت ہونے کے چند اہم مدنی پھول

پیارے اسلامی بھائیو! بیان کو اِختتام کی طرف لاتے ہوئے بیعت ہونے کے بارے

---

① … تفسیر صراط الجنان، پارہ:2، سورۂ بقرہ، زیرِ آیت:195، جلد:1، صفحہ:309۔

میں چند اہم مدنی پھول بیان کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں:

✿ دنیا میں کسی صالح کو اپنا امام بنالینا چاہئے، شَرِیْعَت میں تقلید کرکے اور طریقت میں بَیْعَت کرکے تاکہ حَشْر اچّھوں کے ساتھ ہو ✿ ایمان کی حفاظت کا ایک ذریعہ کسی مرشِدِ کامِل سے مُرید ہونا بھی ہے(1) ✿ حضور غوثِ پاک رَحمۃُاللہِ علیہ کا مُرید بننے میں ایمان کے تَحَفُّظ، مرنے سے پہلے توبہ کی توفیق، جہنم سے آزادی اور جنت میں داخلے جیسے عظیم منافِع موجود ہیں(2) ✿ پیر اُمورِ آخِرت کے لئے بنایا جاتا ہے تاکہ اُس کی راہنمائی اور باطِنی توجّہ کی بَرَکت سے مُرید اللہ و رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ناراضی والے کاموں سے بچتے ہوئے رِضائے رَبُّ الانام کے دینی کام کے مطابق اپنے شب و روز گزار سکیں(3) ✿ بذریعہ قاصِد یا خط مرید ہو سکتا ہے۔(4)

مختلف سنّتیں سیکھنے کے لئے مکتبۃ المدینہ کی **بہارِ شریعت جلد:3 حصہ 16** اور شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنت حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا 91 صفحات کا رسالہ **550 سنّتیں اور آداب** خرید فرمائیے اور پڑھئے۔ سنّتیں سیکھنے کا ایک ذریعہ دعوتِ اسلامی کے مدنی قافِلوں میں عاشقانِ رسول کے ساتھ سنتوں بھرا سفر بھی ہے۔

پاؤ گے بخششیں قافلے میں چلو | جنّتیں بھی ملیں قافلے میں چلو
رزق کے در کھلیں، قافلے میں چلو | برکتیں بھی ملیں قافلے میں چلو

---

① ... آداب مرشد کامل، صفحہ: 12 تا 13۔
② ... فکر مدینہ، صفحہ: 161۔
③ ... آداب مرشد کامل، صفحہ: 13۔
④ ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 26، صفحہ: 585۔

اللہ پاک ہمیں علم دین سیکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمِین بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم